پیمرا ہیڈ کوارٹرز،
ماؤ ایریا، جی۔ ایٹ۔ ون،
اسلام آباد۔
فون: 051-9107109
فیکس: 051-9107129

پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی
پیمرا ہیڈ کوارٹرز، اسلام آباد

PEMRA

*****

پریس ریلیز

پیمرا اتھارٹی کا اجلاس-DTH کے لیے ذیلی کمیٹی کی تشکیل، نیو ٹی وی کو جرمانہ ادا نہ کرنے اور معافی نشر نہ کرنے کی صورت میں 26 مئی 2016 شام چار بجے بند کرنے کے فیصلے کی توثیق

اسلام آباد: 23 مئی 2016ء

پیمرا اتھارٹی کا 113 واں اجلاس پیمرا ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ٹی ایچ کے معاملے پر غور کرتے ہوئے اتھارٹی نے ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی جو کہ ڈی ٹی ایچ پر مشتمل تمام دستاویزات کا جائزہ لینے کے بعد اتھارٹی کی اگلی میٹنگ میں اپنی سفارشات پیش کرے گی جن کی روشنی میں اتھارٹی آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔ اتھارٹی کا اگلا اجلاس بدھ یکم جون 2016 کو ہوگا۔

اتھارٹی نے نیو ٹی وی چینل کو ایک لاکھ روپے عائد شدہ جرمانہ اور آن ایئر معافی نشر نہ کرنے کی صورت میں چینل کی نشریات مورخہ 26 مئی 2016ء کو شام 4 بجے معطل کرنے کے فیصلے کی توثیق کر دی۔ چینل کو یہ جرمانہ پروگرام "عجیب سا" میں قندیل بلوچ کے پاکستانی قوم کے بارے میں تضحیک آمیز الفاظ نشر کرنے پر کیا تھا۔

اتھارٹی نے پاکستان ٹیلیویژن فاؤنڈیشن کو سی ٹی وی نیوز اور سی ٹی وی ڈاکومنٹری کو پاکستان میں ڈسٹری بیوشن رائٹس کے اجراء کی بھی منظوری دی جس کے تحت پاکستانی ناظرین کیبل اور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کے ذریعہ چائنہ کے سرکاری ٹی وی چینلز با آسانی دیکھ سکیں گے۔ اتھارٹی نے یہ فیصلہ پاکستان اور چین کے مابین برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے کیا۔

اتھارٹی نے میسرز اے آر وائی پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی کی درخواست پر نظرثانی کرتے ہوئے ان کے جاری شدہ لائسنس "اے آر وائی زندگی" مورخہ 22 مئی 2008ء کی کیٹیگری کو کوکنگ سے انٹرٹینمنٹ میں تبدیل کرنے کی منظوری دی۔

اتھارٹی نے NUML (نمل) یونیورسٹی، فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، یونیورسٹی آف کراچی، لاہور کالج فار وومن یونیورسٹی، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، بہاالدین زکریا یونیورسٹی ملتان اور گومل یونیورسٹی ڈی آئی خان کے نان کمرشل ایف ایم ریڈیو اسٹیشن لائسنسوں کی مزید پانچ سال کے لیے تجدید کی بھی منظوری دی۔

چیئرمین پیمرا ابصار عالم کی زیر صدارت اجلاس میں سیکریٹری اطلاعات ونشریات عمران گردیزی، سیکریٹری داخلہ عارف احمد خان، چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو نثار محمد خان، چیئرمین پی ٹی اے ڈاکٹر اسماعیل شاہ، محترمہ شاہین حبیب اللہ (ممبر خیبر پختونخوا) اور محترمہ نرگس ناصر (ممبر پنجاب) نے شرکت کی۔

(محمد طاہر)

جنرل منیجر (میڈیا و تعلقاتِ عامہ)